نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں 50 فیصد رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور **09 مئی 2023**:صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت تیزی سے جاری ہے اور 50 فیصد رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے، یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کپاس کی بڑھوتری و ٹیکسٹائل صنعت میں بہتری کے لئے اپٹما آفس لاہور میں منعقدہ اجلاس میں شرکت کے دوران کہی۔اجلاس میں سیکرٹری انر جی نعیم رؤف، سر پرست اپٹما گوہر اعجاز، چیر مین اپٹما حامد زمان، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ حکومت پنجاب کپاس کی بحالی کیلئے پر عزم ہے اور کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔حکومت نے کپاس کی بوائی سے قبل اس کی امدادی قیمت 8500 روپے فی من مقرر کر دی ہے جس سے کپاس کی کاشت منافع بخش ثابت ہوگی۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کو 6 لاکھ ایکڑ کے لئے منتخب منظور شدہ اقسام کے بیج پر 1 ہزار روپے فی بیگ سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی کے لئے فاسفورسی اور پوٹاش کھادوں پر بھی اربوں روپے سبسڈی دی جا رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کے کاشتکاروں کے مابین صحتمندانہ مسابقت کے لئے امسال پیداواری مقابلوں کا صوبائی و ضلعی سطح پر انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کو کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔اس کے علاوہ کپاس کے علاقوں میں نہری پانی کی فراہمی کے لئے محکمہ آبپاشی خصوصی اقدامات کر رہا ہے۔کپاس کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے لئے فیلڈ سٹاف ہمہ وقت اُن کے شانہ بشانہ مصروفِ عمل ہے اور محکمہ زراعت کی ٹیمیں گاؤں گاؤں جا کر کپاس کی ترویج کے لئے کام کر رہی ہیں۔اس موقع پر سر پرست اپٹما گوہر اعجاز نے کپاس کی بحالی کے لئے حکومتی اقدامات کو سراہا اور کپاس کی کاشت کے لئے بیج کی فراہمی اور سبسڈی کو خوش آئند قرار دیا۔انھوں نے کپاس کے زیر کاشت رقبہ میں اضافہ کے لئے آئی ٹی کے استعمال کی ضرورت پر بھی زور دیا

☆☆☆☆